## متحدہ قومی موومنٹ کا مقصد کسی فرد یا چند خاندانوں کیلئے اقتدار کا حصول نہیں بلکہ پرامن انقلاب برپا کرنا ہے۔الطاف حسین

## جو فرسودہ جاگیردارانہ نظام دنیا بھر سے صدیوں پہلے ختم ہو چکا ہے وہ ہمارے ملک میں آج بھی رائج ہے

## کوئٹہ میں ایم کیو ایم بلوچستان کی آرگنائزنگ کمیٹی اور کارکنوں کے اجلاس سے خطاب

لندن۔۔20اپریل 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کا مقصد کسی فرد یا چند خاندانوں کیلئے اقتدار کا حصول نہیں بلکہ ملک میں پرامن انقلاب برپا کرنا ہے جس کا ثمر کسی ایک فرد یا چند افراد کو نہیں بلکہ تمام محروم عوام کو حاصل ہو۔انہوں نے یہ بات آج کوئٹہ میں ایم کیو ایم بلوچستان کی آرگنائزنگ کمیٹی اور کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر حق پرست وفاقی وزیر مواصلات شمیم صدیقی بھی اجلاس میں موجود تھے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جو فرسودہ جاگیردارانہ نظام دنیا بھر سے صدیوں پہلے ختم ہو چکا ہے وہ بدقسمتی سے ہمارے ملک میں آج بھی رائج ہے، جاگیرداروں، وڈیروں اور سرداروں کے چند خاندان نسل در نسل ملک پر حکمرانی کررہے ہیں اور ملک کے 98فیصد غریب ومتوسط طبقہ کی قسمت کے مالک بنے ہوئے ہیں جبکہ عوام اپنے حقوق سے محروم ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم اپنے اقتدار کیلئے نہیں بلکہ اس فرسودہ نظام کو بدلنے کیلئے جدوجہد کررہے ہیں، ہم پرامن جدوجہد کے ذریعے انقلاب لانا چاہتے ہیں۔انہوں نے بلوچستان کے کارکنوں سے کہا کہ استحصالی قوتیں انقلاب کی جدوجہد کرنے والوں کو جدوجہد کے راستے سے ہٹانے کیلئے طرح طرح کے ہتھکنڈے اختیار کرتی ہیں لہٰذا کارکنوں کو ان سے ہوشیار رہنا چاہیے اور عزم واستقامت کے ساتھ اپنے مقصد کے حصول کیلئے جدوجہد جاری رکھنا چاہیے۔انہوں نے کارکنوں سے مزید کہا کہ انا پرستی اور ذاتی پسند ناپسند انقلابی تحریکوں کی موت ہوتی ہے لہٰذا کارکنان اپنی ذاتی انا کو فنا کریں، ذاتی پسند ناپسند کے بجائے تحریک کے مفاد میں فیصلے کریں اور آپس میں ناچاقی اور باہمی اختلافات کے بجائے اتحاد اور کوآرڈی نیشن سے کام کریں۔جناب الطاف حسین نے بلوچستان کی نوتشکیل شدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے ذمہ داران کو مبارکباد پیش کی اور ان سے کہا کہ وہ سب کو ساتھ لیکر چلیں اور بلوچستان کے ایک ایک شہر، ایک ایک قصبہ اور ایک ایک گاؤں میں تحریک کا پیغام پھیلائیں۔اس موقع پر بلوچستان کے تمام ذمہ داروں اور کارکنوں نے جناب الطاف حسین کو مذہبی انتہاپسندی کے خلاف 15اپریل کو کراچی میں منعقد کی جانے والی تاریخی ریلی کے انعقاد پر مبارکباد پیش کی اور مذہبی انتہاپسندی کے خلاف پنجاب میں ریلی نکالنے کے اعلان کا بھی زبردست خیر مقدم کیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ صوبہ بلوچستان کی آرگنائزنگ کمیٹی کی تشکیل نو

## یوسف شاہوانی انچارج اور کامریڈ عبدالحئی بنگلزئی جوائنٹ انچارج مقرر

## 16رکنی آرگنائزنگ کمیٹی میں ایک سب جوائنٹ انچارج، دو فنانس سیکریٹری، دو نشر واشاعت سیکریٹری اور 8 ارکان ہونگے

کوئٹہ۔۔20اپریل 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ صوبہ بلوچستان کی آرگنائزنگ کمیٹی کی تشکیل نو کی گئی ہے جس کے تحت یوسف شاہوانی کو انچارج اور کامریڈ عبدالحئی بنگلزئی کو جوائنٹ انچارج مقرر کیا گیا ہے۔تنظیم نو آج ایم کیو ایم بلوچستان کے کارکنوں کے ایک اجلاس میں کی گئی۔تنظیم نو کے تحت صوبہ بلوچستان کیلئے 16رکنی کمیٹی قائم کی گئی ہے جس میں انچارج اور جوائنٹ انچارج کے علاوہ محمد اسماعیل لہڑی سب جوائنٹ انچارج، انتظار حسین فنانس سیکریٹری، ندیم شیخ فنانس سیکریٹری، سلیم اختر نشر واشاعت سیکریٹری اور نعیم احمد کو نشر واشاعت سیکریٹری مقرر کیا گیا ہے۔جبکہ جنت گل کاکڑ، ملک عبدالرحمان دیہوار، اکبر مینگل، جاوید سالانی، عبدالغنی کانسی، وحید رفیق، قدرت اللہ مری، محمد کامران راجپوت اور شاہ حسین بلوچستان کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان ہوں گے۔آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس ہر 15دن میں ہوگا جس میں تنظیمی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا۔

## امریکہ کے تمام یونٹوں میں ایم کیو ایم کی تاریخی ریلی کی کامیابی پر اتوار کو یوم تشکر منایا جائے گا

واشنگٹن20اپریل 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ امریکہ کے آرگنائزر اعجاز صدیقی، جوائنٹ آرگنائزر فرحت خان اور دیگر اراکین آرگنائزنگ کمیٹی نے امریکہ کے تمام یونٹوں کو ہدایت کہ ہے کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر اتوار 22اپریل کو یوم تشکر منائیں اور تمام کارکنان اپنے اپنے علاقوں میں نمازِ شکرانہ ادا کریں۔اعجاز صدیقی نے کہا کہ ایم کیو ایم حق پرستوں کی تنظیم ہے اور قائد تحریک الطاف حسین حق پرست رہنماء ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہمارا ایمان ہے کہ حق غالب آنے کیلئے ہے اور باطل مٹ جانے کیلئے ہے اور آج حق کو کامیابی حاصل ہوئی ہے کہ کراچی اور سندھ کے غیور عوام نے ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت کو قبول نہیں کیا اور اپنے اتحاد سے اسے مسترد کر دیا۔انہوں نے کہا کہ یہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ولولہ انگیز قیادت کا کرشمہ ہے۔اعجاز صدیقی نے کہا کہ اس سلسلے کا ایک بڑا پروگرام اٹلانٹا میں منعقد ہورہا ہے جس میں شہر کے عمائدین، دانشور، صحافی اور دیگر شعبہ جاتِ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد شرکت کریں گے۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ امریکہ یوتھ ونگ کی انچارج انیبہ

صدیقی ، نیویارک یوتھ ونگ کی انچارج ملیحہ، جوائنٹ انچارج حارث ،فلاڈیلفیا کی انچارج فریحہ، بوسٹن کی انچارج جویریہ اور نیوجرسی کے انچارج شیر بھائی نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر لبیک کہتے ہوئے یوتھ ونگ کے تمام کارکنوں سے کہا ہے کہ وہ کراچی میں عظیم تاریخی ریلی پر اتوار 22 اپریل کو یوم تشکر منائیں اور شکرانے کے نوافل ادا کریں ۔ یوتھ ونگ اور سیز کی انچارج اینیہ نے کہا کہ پاکستان سے لیکر امریکہ تک نوجوان کارکنان قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت کے خلاف اٹھ کھڑے ہونے کیلئے تیار ہیں ۔

## نیشنل ڈیف کرکٹ ٹیم کی کامیابی پر الطاف حسین کی مبارکباد

لندن ۔۔۔20/اپریل 2007ء ۔۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بھارت کے شہر ممبئی میں ہونے والے Ist Deaf Cricket Asia Cup میں پاکستان اور بھارت کے درمیان ہونے والے کرکٹ میچ کے فائنل میں پاکستان کی نیشنل ڈیف کرکٹ ٹیم کی کامیابی پر پاکستانی عوام اور قومی ڈیف کرکٹ ٹیم کے تمام کھلاڑیوں کو دلی مبارکباد پیش کی ہے ۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ قومی ڈیف کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرکے Ist Deaf Cricket Asia Cup میں کامیابی حاصل کرکے ملک وقوم کا نام روشن کیا ہے جس پر ٹیم کا ایک ایک کھلاڑی زبردست خراج تحسین کا مستحق ہے ۔

## تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر بلدیہ ٹاؤن کے دو کارکنان تنظیم سے اخراج
## بلدیہ ٹاؤن اور پاک کالونی کے 7 کارکنان غیر معینہ مدت کیلئے معطل

کراچی ۔۔۔20/اپریل 2007ء ۔۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 116 کے کارکن رفیق پٹنی ولد محمد حسین ، یونٹ 117 شعبہ خواتین کی کارکن عائشہ خاتون زوجہ شیر محمد کو فوری طور پر تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے جبکہ یونٹ 117 کے کارکنان محمد عمران علی ولد عمر ،محمد اقبال جمال ولد جمال قریشی ،حنیف بلوچ ولد غلام علی حبیب ،شفیق شیخ ولد محمد مصطفی اور پاک کالونی کے نگراں سیکٹر انچارج ندیم پیرزادہ ولد منیر احمد ، یونٹ 187 کے کارکن عمر دراز ولد عمر دین ، یونٹ 186 کے کارکن نسیم ولد نور محمد کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم کی بنیادی رکنیت سے معطل کردیا ہے ۔رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم کی خلاف ورزی پر حق پرست رکن قومی اسمبلی عابد علی امنگ ولد محمد اعظم علی اور ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر کمیٹی کے رکن محمد رفیق ولد محمد توفیق کو پندرہ پندرہ یوم کیلئے معطل کردیا ہے ۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ تنظیمی نظم وضبط پر سختی سے عمل کرتے ہوئے مذکورہ افراد دوران اخراج ومعطلی سے کسی بھی قسم کا ہرگز کوئی رابطہ نہ رکھیں ۔

## پرامن متحدہ ریلی پنجاب کی سیاسی تاریخ میں ایک نیا ریکارڈ قائم کرے گی ،ایم کیوایم وہاڑی

وہاڑی ۔۔۔20، اپریل 2007ء ۔۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ وہاڑی کے ضلعی انچارج کنور ریاض احمد خان اور کمیٹی کے دیگر ارکان نے کہا ہے کہ ملتان کے عوام مذہبی انتہاء پسندی اور کلاشنکوفی شریعت کے نفاذ کے خلاف ایم کیوایم کے تحت لاہور میں منعقد ہونے والی پرامن متحدہ ریلی میں بھرپور شرکت کریں گے ۔اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ اسلام آباد میں ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت کے نفاذ کے خلاف کراچی میں منعقد ہونے والی ایم کیوایم کی متحدہ ریلی کی عظیم الشان کامیابی نے دنیا بھر پر واضح کردیا ہے کہ پاکستان کے عوام مذہبی انتہاء پسندی پر یقین نہیں رکھتے اور وہ کلاشنکوفی شریعت کو مسترد کرتے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ، پنجاب میں ایک بڑی سیاسی قوت بن کرا بھر چکی ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر لاہور میں منعقد ہونے والی پرامن متحدہ ریلی پنجاب کی سیاسی تاریخ میں ایک نیا ریکارڈ قائم کرے گی ۔

## ایم کیوایم ،ملک کو مذہبی انتہاء سے نجات دلانا چاہتی ہے ،ڈاکٹر صغیر احمد
## کراچی میں کشمیری سینٹر رابطہ آفس کی افتتاحی تقریب سے صوبائی وزیر اور کشمیری شخصیات کا خطاب

کراچی ۔۔۔20، اپریل 2007ء ۔۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ سے تعلق رکھنے والے حق پرست صوبائی وزیر برائے ماحولیات ڈاکٹر صغیر احمد نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ،کشمیری عوام سمیت ملک بھر کے مظلوم عوام کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور ملک کو مذہبی انتہاء سے نجات دلانا چاہتی ہے ۔ یہ بات انہوں نے کراچی میں ایم کیوایم کے زیراہتمام کشمیر سینٹر رابطہ آفس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی ۔تقریب میں ایم کیوایم آزاد کشمیر کے آرگنائزر محمد طاہر کھوکھر ، آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے رکن سلیم بٹ ،حق پرست نمائندگان ،کشمیری برادری کی نمائندہ شخصیات اور کشمیری بزرگوں ،خواتین اور نوجوانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔قبل ازیں ایم کیوایم کے تحت کشمیر سینٹر رابطہ آفس کا افتتاح کیا گیا ۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر صغیر احمد نے کہا کہ ایم کیوایم کا پیغام ملک بھر میں تیزی سے پھیل رہا ہے اور ملک بھر کے عوام

ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت کے علمبرداروں کے عمل نے دنیا بھر میں اسلام کا امیج خراب کیا ہے اور پاکستان کے اعتدال پسند عوام مذہبی انتہاء پسندوں کی اس سازش کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔قبل ازیں طاہر کھوکھر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آزاد کشمیر اور صوبہ سرحد میں قیامت خیز زلزلے سے متاثرہ عوام کی عملی خدمت کرکے ایم کیوایم نے ثابت کردیا ہے کہ وہ دکھی انسانیت کی بلاامتیاز وتفریق عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔تقریب سے حق پرست رکن قانون ساز اسمبلی سلیم بٹ،کشمیری برادری کی نمائندہ شخصیات سردار علی اکبر،حفیظ بٹ،شبیر کشمیری،نور محمد،چوہدری مقبول اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری برادری کے مسائل ومشکلات کے خاتمے کیلئے عملی اقدامات پر جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری برادری دل وجان سے ایم کیوایم کے ساتھ ہے۔

## حق پرست وزراء کی کاوشوں سے ٹھٹھہ اور دادو شوگرمل کے برطرف محنت کشوں کی بحالی

کراچی۔۔۔20،اپریل 2007ء۔۔۔ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت اور حق پرست وزراء کی کاوشوں سے ٹھٹھہ اور دادو شوگرمل کے گریڈ 1 سے 4 تک کے برطرف محنت کشوں کی بحالی کا دیرینہ مسئلہ حل ہوگیا ہے اور ان ملازمین کو سندھ گورنمنٹ کے دوسرے ڈیپارٹمنٹ میں ایڈجسٹ کردیا گیا ہے۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ٹھٹھہ اور دادو شوگرمل کے برطرف محنت کشوں کی بحالی پر پرانہیں دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایم کیوایم محنت کشوں کے جائز حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔رابطہ کمیٹی نے مزید کہا کہ گزشتہ آٹھ برسوں سے ٹھٹھہ اور دادو شوگرمل کے ملازمین برطرف تھے جس کے باعث ان کے اہل خانہ فاقہ کشی کی زندگی گزارنے پر مجبور تھے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حق پرست وزراء کی کاوشوں سے آج الحمداللہ برطرف ملازمین کا یہ دیرینہ مسئلہ ہوگیا ہے جس پر حق پرست وزراء زبردست خراج تحسین کے مستحق ہیں۔علاوہ ازیں ٹھٹھہ اور دادو شوگرمل کے برطرف محنت کشوں نے اپنی ملازمتوں پر بحالی کے سلسلے میں عملی اقدامات پر قائد تحریک جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیا ہے اور انکی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کی ہیں۔

## الطاف حسین واحد رہنما ہے جو دین اسلام کی صحیح تعلیمات عوام کے سامنے پیش کررہے ہیں، پی پی اوسی مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف نکالی گئی ریلی کی زبردست کامیابی پر حق پرست عوام کو مبارکباد

کراچی۔۔۔20،اپریل 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے کہا ہے کہ مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف ایم کیوایم کی جانب سے نکالی گئی فقیدالمثال پرامن ''متحدہ ریلی'' اس بات کا ثبوت ہے کہ ملک کے عوام باشعور ہیں اور ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت کو ہرگز قبول نہیں کریں گے۔انہوں نے متحدہ ریلی میں بھرپور تعداد میں شرکت کرنے پر پنجابی،پختون اور دیگر قومیتوں اور مذہبی اقلیتوں سے دلی تشکر کا اظہار بھی کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ دین اسلام،امن وآشتی اور احترام انسانیت کا درس دیتا ہے اور اسلام میں انتہاء پسندی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ نام نہاد مذہبی عناصر دین اسلام کی غلط تصویر پیش کرکے دنیا بھر میں اسلام،مسلمانوں اور پاکستان کو بدنام کرنے کی گھناؤنی سازش کررہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستان کے واحد رہنما ہیں جو دین اسلام کی صحیح تعلیمات عوام کے سامنے پیش کررہے ہیں اور انشاءاللہ ملک بھر کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہوکر ڈنڈا بردار اور کلاشنکوفی شریعت کے علمبرداروں کے مذموم عزائم کو ناکام بنادیں گے۔

## صوبائی مشیر صلاح الدین حیدر اور ایم کیوایم میڈیا کمیٹی کے انچارج نے اسد امانت علی خان مرحوم کی رہائشگاہ جاکر سوگواران سے الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت کا اظہار کیا

لاہور۔۔۔20،اپریل 2007ء۔۔۔حق پرست صوبائی مشیر سندھ سید صلاح الدین حیدر اور ایم کیوایم میڈیا کمیٹی کے انچارج سیف عباس حسنی نے ملک کے ممتاز کلاسیکل گلوکار اسد امانت علی خان کے انتقال پر لاہور میں مرحوم کی رہائشگاہ جاکر مرحوم کی بیوہ اور دیگر لواحقین سے اپنی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم لاہور آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج رانا فرحت علی بھی موجود تھے۔انہوں نے مرحوم کے لواحقین کو صبر کی تلقین کی اور کہا کہ اسد امانت علی خان اور ان کے خاندان کی کلاسیکی موسیقی کے فروغ کیلئے خدمات ہمیشہ یادرکھی جائیں گی۔اس موقع پر انہوں نے اسد امانت علی خان مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

☆☆☆☆☆